نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کا ایگریکلچر شو 2022 کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لئے ضلع سرگودھا کا دورہ

ملکی زرعی برآمدات میں اضافہ کے لئے ایگریکلچر شو 2022 کا انعقاد اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی

لاہور:22فروری2022( ) دوروزہ قومی زرعی نمائش 27 فروری کو یونیورسٹی آف سرگودہا میں منعقد ہوگی۔اس ضمن میں زرعی نمائش کے انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے صوبائی وزیرزراعت سید حسین جہانیاں گردیزی نے یونیورسٹی آف سرگودہا کا دورہ کیا۔انہوں نے وائس چانسلرڈاکٹرسلیم مظہر سے ملاقات کی اورنمائش کے انتظامات اوراسے زراعت کے فروغ کیلئے مفید تر بنانے میں یونیورسٹی انتظامیہ کی شمولیت کو یقینی بنانے کی ضرورت پرزوردیا۔اس موقع پر پراجیکٹ ڈائریکٹر ماڈل فارم جمشید کاشف،ڈائریکٹر زراعت سرگودہا ڈویژن فیض محمد کندی،صدر چیمبر آف کامرس وانڈسٹری شعیب بسراء کے علاوہ یونیورسٹی ومحکمہ زراعت کے صوبائی وڈویژنل افسران بھی موجود تھے۔صوبائی وزیرزراعت سید حسین جہانیاں گردیزی نے کہا کہ زرعی مصنوعات کی برآمدات میں اضافہ کیلئے عالمی سطح پر بڑی منڈیوں تک رسائی کے لئے کوششیں جاری ہیں۔زرعی نمائش ان کاوشوں کا ایک سلسلہ ہے۔انہوں نے کہا کہ نمائش میں عالمی وفود کی شرکت کوبھی یقینی بنایا جائیگا تاکہ ملکی زرعی مصنوعات عالمی سطح پرمتعارف کروائی جاسکیں۔انہوں نے کہا کہ زراعت ہماری ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہےاس کا فروغ ہی ہمیں معاشی مشکلات سے نکال سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ جامعات ریسرچ کا منبع ہیں۔زرعی ترقی کیلئے یونیورسٹوں کی تحقیق سے استفادہ کیا جائے تاکہ جدید زراعت کو فروغ دیا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ ہماری فی ایکڑ پیداوار عالمی مقابلے میں کم ہے جسے بڑھانے کی ضرورت ہے۔جدید کاشتکاری ہی اس فقدان کومکمل کرسکتی ہےاس موقع پر وائس چانسلر یونیورسٹی آف سرگودہا ڈاکٹرسلیم مظہر نے بتایا کہ یونیورسٹی کا ایگریکلچر کالج سٹرس اور دیگر زرعی پیداوار میں جدت لانے کیلئے کوشاں ہے۔انہوں نے نمائش کے انعقاد کو مثالی بنانے کیلئے ہرممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔اجلاس میں پراجیکٹ ڈائریکٹر جمشید کاشف نے بتایا کہ نمائش میں مقامی وملکی زرعی مصنوعات،انڈسٹری،زرعی مشینری،پھل اورسبزیوں کے سٹال لگائے جائیں گے۔قومی وعلاقائی سیاحت وثقافت کوفروغ دینے کیلئے دستاویزی فلموں کی نمائش کی جائیگی۔انہوں نے بتایا کہ 27 فروری بروز اتوار رات کومحفل سماع وصوفیانہ کلام بھی منعقد ہوگی جس میں طلبہ اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرینگے۔28 فروری بروز سوموار شام ساڑھے چار بجے اختتامی تقریب منعقد ہوگی جس کیلئے مشیروزیراعظم پاکستان برائے تجارت،ٹیکسٹائل،انڈسٹریز وپیداواراورسرمایہ کاری عبدالرزاق داؤد کو مدعو کیا گیا ہے۔انہوں نے توقع کا اظہار کیا کہ نمائش سے کسان،زمیندار زرعی انڈسٹری سے منسلک،صنعت کار اور برآمد کنندگان استفادہ کریں گے۔

☆☆☆☆☆